اداریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زیرِ نظر شمارے کا ایک حصّہ انتخابات (اکتوبر ۱۹۹۳ء) کے حوالے سے مرتّب کیا گیا ہے۔ وطنِ عزیز کی مسیحی برادری اپنی مذہبی قیادت کے فیصلے کے برعکس پورے جوش وجذبہ سے انتخابی عمل میں حصہ لے رہی ہے۔ قومی اسمبلی کی چار مسیحی نشستوں کے لیے ۲۵ امیدواروں کا میدان میں ہونا اس دلچسپی کی واضح دلیل ہے۔ قائدِ اعظم محمد علی جناح کی تقاریر و بیانات کے اقتباسات سے جناب سردار مسیح گِل نے پاکستان کے مقصدِ وجود اور اس خطۂ پاک میں اقلیّتوں کے حقوق و فرائض پر گفتگو کی ہے۔ دوسرے مقالے میں پاکستان کی مسیحی برادری، انتخابات سے اس کی دلچسپی، طریقِ انتخاب، قومی اسمبلی کے نمایاں امیدواروں اور ان کے طریقِ سیاست پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مسیحی امیدوارانِ اسمبلی کو یہ شکایت رہی ہے، اور اب بھی ہے کہ پورا ملک ان کا حلقۂ انتخاب ہوتا ہے اور ان کے لیے ملک کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک سفر کرنا، ووٹروں سے رابطہ پیدا کرنا اور انتخابی مراکز کے لیے اپنے نمائندے مہیّا کرنا بہت مشکل اور مہنگا سودا ہے۔ اس کا "دلچسپ حل" ایک مسیحی نے پیش کیا ہے۔ عمومی دلچسپی کے لیے اسے بھی شاملِ اشاعت کیا گیا ہے۔

پاکستان کی بڑی سیاسی جماعتیں اقلیّتوں کے بارے میں کیا سوچ رکھتی ہیں؟ اس سوال کا جواب ان کے منشور فراہم کر رہے ہیں۔ پاکستان اسلامک فرنٹ، پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (نواز شریف گروپ) کے منشوروں کے متعلقہ حصّوں کا ترجمہ درج کیا گیا ہے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ انتخابات تمام پاکستانیوں کے لیے بہتر قیادت لانے کا باعث بنیں اور اقلیتیں اکثریت کے ساتھ آزادی اور امن و انصاف کی نعمتوں سے بہرہ ور ہوں۔